أفلا يتدبرون القرآن

# قرآن مجید (مترجم)

ترجمۃ القرآن

خطیب الہند مولانا محمد جوناگڑھی رحمہ اللہ

مکتبہ قدوسیہ

CamScanner

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (١) — اٰيَاتُهَا ٧ رُكُوْعَاتُهَا ١

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان رحم والا ہے (١)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ (٢) الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ (٣)

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے (٢) بہت بخشش کرنے والا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ (٤) اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ

بڑا مہربان (٣) بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک (٤) صرف تیری ہی

نَسْتَعِيْنُ ؕ (٥) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ (٦)

ہم عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے ہم مدد چاہتے ہیں (٥) ہمیں سیدھی

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

(اور سچی) راہ دکھا (٦) ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام کیا۔ نہ ان کی

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ع (٧) ع ٧

جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی (٧)

maktabooquadusia.com

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اٰيَاتُهَا ۲۸۶ رُكُوْعَاتُهَا ۴۰

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اس کتاب (کے اللہ کی کتاب ہونے) میں کوئی شک نہیں، پرہیزگاروں کو

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

راہ دکھانے والی ہے ﴿۲﴾ جو لوگ غیب پر ایمان لاتے ہیں

وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾

اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور ہمارے دیئے ہوئے میں سے

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

دیتے رہتے ہیں ﴿۳﴾ اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں،

وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

اس پر جو تیری طرف اتار گیا اور جو تجھ سے پہلے اتارا گیا



maktabaquddusia.com

CamScanner

وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ ۴ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ق

اور آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں ۴ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۵ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

اور یہی لوگ فلاح اور نجات پانے والے ہیں ۵ جن کافروں کو آپ کا ڈرانا یا نہ ڈرانا

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۶ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى

برابر ہے، وہ لوگ ایمان نہ لائیں گے ۶ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر، ان کے کانوں پر مہر

قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَ عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز

کر دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان ہی کے لیے بڑا عذاب ہے ۷

وَّ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۷ ع وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا ع ۱ ۷

بعض لوگ کہتے تو ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَ بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ مَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۸ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وقف لازم

لیکن درحقیقت وہ ایماندار نہیں ہوتے ۸ وہ اللہ تعالیٰ کو اور ایمان والوں کو دھوکہ دینا

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ج وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا

چاہتے ہیں لیکن دراصل خود اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں مگر سمجھتے نہیں ۹ ان کے دلوں میں

يَشْعُرُوْنَ ؕ ۹ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ لا فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ج وَ لَهُمْ

بیماری تھی اللہ تعالیٰ نے انہیں بیماری میں بڑھا دیا اور ان کے جھوٹ کی وجہ سے ان

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۵ م لا بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۱۰ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ

کے لیے درد ناک عذاب ہے ۱۰ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس زمین میں فساد نہ



maktabaqudusia.com

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَلَآ

کرو تو جواب دیتے ہیں کہ ہم تو صرف اصلاح کرنے والے ہیں ﴿۱۱﴾ خبردار رہو یقیناً یہی

اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ اِذَا قِيْلَ

لوگ فساد کرنے والے ہیں لیکن شعور سمجھ نہیں ﴿۱۲﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے

لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ

کہ ان لوگوں (یعنی صحابہؓ) کی طرح تم بھی ایمان لاؤ تو جواب دیتے ہیں کہ کیا ہم ایسا

السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَ لٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾

ایمان لائیں جیسا بیوقوف لائے ہیں؟ خبردار ہو جاؤ یقیناً یہی بے وقوف ہیں لیکن جانتے نہیں ﴿۱۳﴾

وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ

اور جب ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم بھی ایماندار ہیں اور جب اپنے بڑوں کے

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ

پاس جاتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تو تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم تو ان سے صرف مذاق کرتے ہیں ﴿۱۴﴾

بِهِمْ وَ يَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

اللہ تعالیٰ بھی ان سے مذاق کرتا ہے اور انہیں ان کی سرکشی اور بہکاوے میں اور بڑھا دیتا ہے ﴿۱۵﴾

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے گمراہی کو ہدایت کے بدلے میں مول لے لیا پس نہ تو ان کی تجارت نے

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ

ان کو فائدہ پہنچایا اور نہ یہ ہدایت والے ہوئے ﴿۱۶﴾ ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے